**کوڈ: FIN-029**(دوبارہ جاری کردہ)
**تاریخ: 4 مئی، 2018**

**مائمونیڈس میڈیکل سنٹر(MAIMONIDES MEDICALCENTER)**

**کوڈ:**FIN-029(دوبارہ جاری کردہ)
**تاریخ:** 4**مئی، 2018**
**اصل اجراء:26مئی،** 2005

**موضوع: باہری مریض کی دماغی صحت کی خدمات سے متعلق مالی اعانت کی پالیسی**

**I. <u>پالیسی</u>**

A. مائمونیڈس میڈیکل سنٹر("مائمونیڈس"یا "ہسپتال")ادائیگی کی صلاحیت سے قطع نظر، ہر اس مریض کو اعلی معیاری نگہداشت صحت فراہم کرنے کی پوری کوشش کرتا ہے جو ہماریفسیلیٹیز میں آتے ہیں۔یہ باہری مریض کی دماغی صحت کی خدمات سے متعلق مالی اعانت کی پالیسی ("FAP"یا "پالیسی")، باہری مریض کی دماغی صحت کی خدمات کے لیے مائمونیڈس کی مالی اعانت کے پروگرام کو لاگو کرتی ہے، جس کے ذریعہ ایسے مریض جنہیں بیمہ کا تحفظ حاصل نہیں ہے، جن کے نگہداشت صحت کے فوائد ختم ہوچکے ہیں، اور اس پالیسی کی تعمیل میں مالی اعانت کے لیے اہل تصور کیے جاتے ہیں وہ مفت یا رعایتی طبی طور پر ضروری باہری مریضوں والی دماغی صحت کی نگہداشت تک رسائی کرسکتے ہیں۔

B. اس پالیسی کا اطلاق اہل مریضوں کو فراہم کی جانے والی باہری مریض کی دماغی صحت کی خدمات پر ہوتا ہے۔ہنگامی دماغی صحت، داخلی مریض کی نفسیاتی خدمات، متعلقہ ضمنی خدمات اور دیگر طبی خدمات کے لیے فیس کا تعین پالیسی FIN-28(نظرثانی شدہ)،"مالی اعانت کی پالیسی" کے ذریعہ ہوتا ہے۔

C. طبی لحاظ سے ضروری بیرونی مریض کی دماغی خدمات کے لیے، اس پالیسی کے تحت اہل مریضوں میں کم آمدنی والے مریض جو نیویارک سٹی کے پانچ بروز (کنگس، نیویارک، کوئینس، رچمنڈ اور برونکس کاؤنٹیز) میں رہتے ہیں اور غیر بیمہ شدہ ہیں یا ان کے نگہداشت صحت کے بینیفٹس ختم ہوچکے ہیں، **شامل ہیں**۔مفت یا رعایتی نگہداشت کے لیے مالی معیار کا مزید بیان ذیل میں اور منسلکہ سلائیڈنگ اسکیل فیس کے شیڈیول میں بیان کیا گیاہے۔**وفاقی سطح غربت کے 300%سے کم آمدنی والے مریض، ذیل میں بیان کردہ سیکشن III میں بیان کردہ معلومات کی بنیاد پر، پیش قیاسی طور پر FAP کے تحت اعانت کے اہل ہیں**۔مالی اعانت الگ الگ معاملات کی بنیاد پر تعین کے مطابق ایسے مریضوں کے لیے دستیاب ہو سکتی ہے جن کا بیمہ ان کی خدمات کی پوری لاگت کا احاطہ نہیں کرتا (یعنی، ان کا "کم بیمہ"ہے)یا جو مالی اہلیت کے معیار کی تکمیل نہیں کرتے ہیں لیکن انہیں غیر معمولی طبی لاگتوں کا سامنا ہے۔

D. مائمونیڈس اس پالیسی کے مطابق وسیع پیمانے پر اپنے FAP کی تشہیر کرتا ہے۔

مائمونیڈس اس FAP، FAP کی درخواست فارم اور FAP کے خلاصہ (آسان زبان میں خلاصہ) کو مائمونیڈس کی ویب سائٹ پرمقررہ مالی اعانت والے صفحہ پر دستیاب کرواتا ہے(http://www.maimonidesmed.org/main/FinancialInformation.aspx)۔ ان دستاویزات کی کاغذی کاپیاں درخواست کرنے پر اور بغیر کسی معاوضے کے، بذریعہ ڈاکاور

ہسپتال کے عوامی مقامات بشمول داخلے والے حصوں اور مریض کی خدمات والے مقامات پر دستیاب ہیں۔

مائمونیڈس ہسپتال کے مریضوں کو FAP کے بارے میں درج ذیل کے ذریعہ آگاہ کرتا اور اطلاع دیتا ہے:داخلہ اور رجسٹریشن کے ایک حصے کے بطور آسان زبان میں خلاصہ کی ایک کاغذی کاپی پیش کرکے؛ بشمول بل کے اسٹیٹمنٹس پر ایک تحریری نوٹس شامل کرکے جو وصول کنندگان کو FAP کے تحت دستیاب مالی اعانت کے بارے میں بتاتا ہے اور اس میں طب نفسی سے متعلق کیشیئر/ رجسٹریشن اور ویب سائٹ کا براہ راست پتہ شامل ہوتا ہے جہاں سے FAP، FAP درخواست فارم اور آسان زبان میں خلاصہ حاصل کیا جاسکتا ہے؛ اور نمایاں عوامی ڈسپلے جو مریضوں کو ہسپتال کے عوامی مقامات،بشمول داخلے والے علاقوں اور مریض کی خدمات والے مقامات میں مریضوں کو FAP کے بارے میں معلومات فراہم کرتے ہیں۔ مریضوں کو مائمونیڈس کے FAP کے بارے میں کثیرلسانی علامات کے ذریعہ آگاہ کیا جائے گا۔

اس کے علاوہ، FAP، FAP درخواست فارم اور آسان زبان میں خلاصہ کا ترجمہ محدود انگریزی کی اہلیت ("LEP") والے ان لوگوں کی زبان میں کیا جائے گا جن کی خدمت ہسپتال ہر سال کرتا ہے، اس میں ہر LEPزبان کے گروپ کے ذریعہ بولی جانے والی زبان شامل ہے جو 1,000 افراد سے کم یا اس کمیونٹی کا 5 فیصد ہیں جس کی خدمت ہسپتال کے ذریعہ کی جاتی ہے یا جس آبادی کے ہسپتال کے ذریعےمتاثر کیے جانے یا سامنا ہونے کا امکان ہے۔ مائمونیڈس ہسپتال کے زیر خدمت کمیونٹی کے ممبران کو بھی اطلاع دے گا اور آگاہ کرے گا کہ وہ FAP کے تحت مالی اعانت پیش کررہا ہے، اور یہ کہ FAP سے متعلق اس طرح کی مزید معلومات اور دستاویزات کہاں سے حاصل کی جائیں جسے کمیونٹی کے ممبران سمجھ سکھیں (بشمول متعلقہ زبانوں میں تراجم)۔

مالی اعانت سے متعلق خصوصی استفسارات والے مریضوں کو آسان زبان میں خلاصہ فراہم کیا جائے گا، مائمونیڈس میڈیکل سنٹر کی ویب سائٹ پر متعلقہ معلومات سے آگاہ کیا جائے گا اور *کیشیئر/ رجسٹرار* کا حوالہ دیا جائے گا۔جہاں کوئی فرد یہ بتاتا ہے کہ وہ FAP کے بارے میں معلومات تک الکٹرانک طور پر رسائی کرنا چاہتا ہے،وہاں مائمونیڈس ایسے دستاویزات یا معلومات الکٹرانک طور پر (بشمول الیکٹرانک اسکرین پر،بذریعہ ای میل یا راست ویب سائٹ پتہ یا اس ویب صفحہ کا URL فراہمکرکے جہاں دستاویز یا معلومات شائع کی گئی ہے)فراہم کرسکتا ہے۔

E. اہلیت کی ایک شرط کے طور پر،مریض [اورایسے مریضوں کے لیے جو نوعمر ہیں،ان کے والدین اور/ یا قانونی سرپرستوں کے لیے سرکاری طور پر کفالت کردہ بیمہ پروگراموں اور / یا مالی اعانت کی درخواست کے لیے اہلیت کے تعین کی غرض سے ضروری دستاویزات فراہم کرنا یا بصورت دیگر متعلقہ درخواست دہی کے عمل میں ان کی مدد کررہے عملہ کو پوری طرح تعاون کرنا ضروری ہے۔

F. جب مریض عوامی طور پر کفالت کردہ بیمہ پروگرام کے لیے اہل ہوں [جیسے:میڈیکیڈ، چائلڈ ہیلتھ پلس("CHP")، پری نیٹل کیئر اسسٹنس پروگرام]، تومریضوں کے لیے مائمونیڈس کے مالی اعانت کے پروگرام کے بجائے اس پروگرام کو اپنے علاج کے کوریج کے لیے استعمال کرنا ضروری ہے۔جب مریض افورڈیبل کیئر ایکٹ کے تحت قائم کردہ مارکیٹ پلیس کے ذریعہ بیمہ کے اہل ہوں تو، مریضوں کو اپنے علاج کے احاطے کے لیے مائمونیڈس کے مالی اعانت کے پروگرام کے بجائے مارکیٹ پلیس سے حاصل کردہ بیمہ کا استعمال کرنا چاہیے۔

G. HMO یا کمرشیلبیمہ والے مریض،جو کہ مائمونیڈس میں قابل قبول نہیں ،مالی اعانت کے لیے اہل نہیں ہیں،تاوقتیکہ مریض کے اپنےبیمہ کے بینیفٹس ختم نہ ہوجائیں۔

H. ان مریضوں کے لیے مالی اعانت دستیاب کروائی جاسکتی ہے،جس کا تعین معاملہ بہ معاملہ کی بنیاد پر ہوتا ہے،جو معاون ادائیگیوں اور مریضوں کے کٹوتیوں کے لیے مالی اہلیت کے معیار کی تکمیل نہیں کرتے ہیں لیکن جنہیں غیر معمولی طبی لاگتوں کا سامنا ہوتا ہے۔

I. اس پالیسی کے تحت درج ذیل کا احاطہ نہیں ہوتا:

- ایسے آئٹمز جو طبی طور پر ضروری نہ ہوں؛
- ایسے آئٹمز جو طبی یا معالجاتی فائدے کے بغیر ہوں؛اور
- ایسی خدمات جن کا بل مائمونیڈس کے ذریعہ نہیں بھیجا جاتا (جیسے انستھیسیا کی خدمات اور معالجین کے ذریعہ پیشہ ورانہ خدمات)، ماسوا ان خدمات کے جو ہسپتال کے واضح طور پر متعلقہ ہستیوں کے ذریعہ فراہم کی جاتی ہے، جو وفاقی ضابطوں میں بیان کردہ شرط کے مطابق ہے۔

اس پالیسی کے منسلکہ B میں ان فراہم کنندگان کی فہرست ہے جو ہسپتال میں ایسی ہنگامی یا دیگر طبی طور پر ضروری نگہداشت فراہم کرتے ہیں جو اس FAP کے احاطے میں ہے، اور جو FAP کے احاطے میں نہیں آتے ہیں۔

## II. <u>ذمہ داری</u>

A. کیشیئر/ رجسٹرارز(طب نفسی)مریضوں سے FAPدرخواست فارمز، اور آمدنی کا ثبوت حاصل کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

B. ڈائرکٹر فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)درخواست کا جائزہ لے گا اور موزوں فیس متعین کرے گا۔

C. سینئیر وائس پریذیڈنٹ فار فائنانس،*ڈائرکٹر آف ری امبرسمنٹ،ڈائرکٹر،فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)* کے فیصلوں پر کی گئی تحریری اپیلوں پر نظر ثانی کے ذمہ دار ہوں گے۔

## III. <u>طریق کار</u>

### 1. *درخواست دہی کے عام طریق کار*

A. FAP درخواست دہی کے عمل مین مدد حاصل کرنے کے لیے، FAP کے تحت مالی اعانت کے لیے درخواست دیں، یا اس کے بارے میں اضافی معلومات حاصل کریں، کوئی فرد طب نفسی کے کیشیئر/ رجسٹریشن سے8177-283 (718) پر رابطہ کرسکتا ہے جو 920، 48 اسٹریٹ، بروکلین NY 11219 پر واقع ہے۔

B. جب فرد مالی اعانت کی درخواست کرتا ہے تو، اسے ابتدائی جانچ کے لیے *کیشیئر/رجسٹرار* کے پاس بھیجا جائے گاکیشیئر/ *رجسٹرار*درج ذیل کرے گا:

1. موصولہ معلومات کی بنیاد پر مریض کو دستیاب متعدد اختیارات پر گفتگو کرے گا [جیسے: عوامی کفالت کردہ بیمہ پروگرامز، قسط کی ادائیگی کے انتظامات، چھوٹ والی شرحیں، تدریجی پیمانے، مفت نگہداشت]۔

2. موزوں حالات میں:

(a) درخواست مکمل کریں اور اسے مقامی ڈپارٹمنٹ آف سوشل سروسز یا مارکیٹ پلیس کے پاس مریض کی جانب سے جمع کروائیں؛ یا
(b) CHP درخواست مکمل کرنے کے لیے مریض کو موزوں مقامی میڈیکیڈ کے دفتر یا نیویگیٹر کے پاس بھیجیں۔

3. اس بات کی تشخیص کریں کہ آیا مریض اضافی چھوٹوں یا فنڈنگ کا اہل ہوسکتا ہے جو مائمونیڈس میں اس پالیسی سے علیحدہ خصوصی گرانٹس یا پروگراموں کے لیے دستیاب ہے۔

4. اگر موزوں ہو تو، درخواست دہندہ کو مکمل کرنے کے لیے ایک FAP درخواست فراہم کریں۔درخواست کرنے پر، *کیشیئر/رجسٹرار* مریضوں کو مالی اعانت کی پالیسیوں کو سمجھنے میں مدد فراہم کرے گا اور درخواست کرنے پر ایک روبرو انٹرویو کے دوران ان کی جانب سے درخواست مکمل کرے گا۔

C. درخواست فارمز کا ترجمہ مذکورہ بالا سیکشن I کے مطابق کیا جائے گا۔اس کے علاوہ، ایسے تمام مریضوں کے لیے ترجمہ کی خدمات دستیاب ہوں گی جنہیں مائمونیڈس میں مالی اعانت تک رسائی کے لیے ایسی خدمات کی ضرورت ہوگی۔عملہ AD-120 ترجمہ اور ترجمانی خدمات کے مطابق ترجمہ کی خدمات تک رسائی کرے گا۔

D. FAP درخواست فارموں میں مریضوں کے لیے ایک نوٹس شامل ہوگا کہ مکمل شدہ درخواست، بشمول پالیسی کے تحت مریض کی اہلیت کے تعین کے لیے ضروری معلومات یا دستاویزات جمع کروانے پر، مریض کسی بھی بل کو اس وقت تک نظر انداز کرسکتا ہے جب تک کہ مائمونیڈس اس کی درخواست پر کوئی فیصلہ نہیں دے دیتا۔

E. مالی اعانت کی درخواست دینے کے لیے مریضوں کو فراغت کے بعد دیے جانے والے پہلے بل کی تاریخ سے کم از کم 240 دنوں تک کی اجازت ہے۔ (درخواست دہی سے متعلق وقفوں کے بارے میں مزید معلومات کے لیے FIN-55، بلنگ اوروصولی کی پالیسی دیکھیں)۔ ان تقاضوں سے استثناء کی درخواست*ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)*کو بھیجی جاسکتی ہے۔

F. مریض ایسی صورت میں مالی اعانت کے لیے نا اہل ہوں گے اگر وہ [اور کم عمر مریضوں کے لیے، ان کے والدین اور/یا سرپرست]درخواست دہی کی کارروائی کے دوران غلط معلومات فراہم کرتے ہیں۔

## 2. ***مالی اعانت کے لیے اہلیت کا معیار***

A. ہسپتال میں طبی طور پر ضروری باہری مریض والی دماغی صحت کی خدمات حاصل کرنے والے، اور اس FAP کے تحت مالی اعانت کے لیے اہل کسی مریض کو،دیے جانے والے بل کے زیادہ سے زیادہ چارج کو عام طور پر بل کردہ رقم("AGB") کہا جاتا ہے۔ بیرونی مریض کی دماغی صحت کی خدماتکے لیے، مائمونیڈس AGB کا تعین اس رقم کے لحاظ سے کرتا ہے جس کی میڈیکیڈ اجازت دے۔ منسلکہ A میں بیان کردہ رعایتی فیس کے جدول کے مطابق، FAP کے اہل مریضوں کو FAP کے تحت پیش کردہ رعایتیں AGB سے کم یا اس کے مساوی ہوتی ہیں۔ FAP کی اہلیت کے تعین کے بعد، FAP کے اہل فرد سے طبی طور پر ضروری یا ہنگامی نگہداشت کے لیے AGB سے زیادہ چارج نہیں کیا جاسکتا۔

B. جیسا کہ ذیل میں مزید تفصیل سے بیان کیا گیا ہے، اہلیت درج ذیل معلومات پر مبنی ہونی چاہیے:

- رہائشی مقام؛
- سالانہ ٹیکس سے قبل کی آمدنی؛
- خاندان کی جسامت۔

عوامی طور پر کفالت یافتہ بیمہ پروگرام کے لیے مریض کی درخواست میں فراہم کردہ معلومات کااستعمال اس ڈیٹا کے حصول کے لیے کیا جائے گا۔اگر ایسی کوئی درخواست نہیں کی گئی ہے یا دستیاب ہے،تو مریض کے لیے مالی اعانت کی اہلیت کے تعین کے لیے مطلوبہمعلومات فراہم کرنا ضروری ہے۔اگر کوئی مطلوبہ معلومات چھوٹی ہوئی ہے تو،مریض کو ذاتی طور پر،بذریعہ فون یا بذریعہ ڈاک وہچھوٹی ہوئی معلومات فراہم کرنے کو کہا جائے گا۔

C. کیشیئر / *رجسٹرار*مریض سے مکمل شدہ درخواست اور معاون دستاویزات قبول کرے گا اور اسے*ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)*کو بھیجے گا جو مقررہ معیارات کے مطابق موزوں فیس مقرر کرے گا (جسے ذیل میں بیان کیا گیا ہے اور جو اس پالیسی کے منسلکہ میں موجودہ تدریجی فیس کے پیمانے مینمذکور ہے) اور فیس کے تعین کے ورک شیٹ کو مکمل کرکے اس حساب کتاب کی تکمیل کرے گا۔

D. فیس کے تعین کے معیار میں موجودہ تدریجی فیس کے پیمانے کا استعمال کرتے ہوئے مریض کے "خاندان کی جسامت" اور "آمدنی"کو شامل کیا جائے گا۔

- خاندان کی جسامت۔اگر مریض بالغ فرد ہے تو،مریض کے خاندان کی جسامت کا حساب مریض،مریض کے زوج (اگر کوئی ہو اور وہ مریض کے ساتھ رہتا/رہتی ہو) اور مریض یا مریض کے زوج کے کسی منحصرین کو شامل کرکے کیا جائے گا۔اگر مریض بچہ ہے تو،مریض کے خاندان کی جسامت کا حساب مریض،مریض کے والدیناور /یا قانونی سرپرست(سرپرستوں)جس کے ساتھ مریض رہتا ہے،اور مریض کے والدین اور/یا قانونی سرپرست (سرپرستوں)جس کے ساتھ مریض رہتا ہے، کے کسی منحصرین(مریض کے علاوہ)کو شامل کرکے کیا جائے گا۔کسی حاملہ عورت کو خاندان کے دو رکن کے طور پر گنا جائے گا۔

- سالانہ ٹیکس سے قبل کی آمدنی۔اگر مریض بالغ ہے،تو خاندان کی ٹیکس سے قبل کی سالانہ آمدنیمریض اور مریض کے زوج(اگر کوئی ہو اور اگر وہ مریض کے ساتھ رہتا/ رہتی ہو)کی آمدنی کا جوڑ ہے۔اگر مریض کم عمر ہے تو'خاندان کی سالانہ ٹیکس سے قبل کی آمدنی مریض کے والدیناور/یا قانونیسرپرست(سرپرستوں)کی آمدنی ہے جن کے ساتھ مریض رہتا/رہتی ہے۔آمدنی خدمت کی تاریخ سے قبل کے گزشتہ چار ہفتوں کے حساب پر مبنی ہے۔

- سالانہ ٹیکس سے قبل کی آمدنی،درج ذیل ذرائع سے ہوئی آمدنی کا کل ہے،جس کا ذکر FAP درخواست کے لیے مطلوب دستاویزات میں ہے:

1. تنخواہ / کٹوتیوں سے قبل اجرتیں۔اگر مریض نے سرکاری کفالت یافتہ بیمہ پروگرام کے لیے درخواست نہیں دی ہے یا ایسی کوئی درخواست دستیاب نہیں ہے،تو مریض کے لیے گزشتہ چار ہفتوں کی ادائیگی کی رسیدیں فراہم کرنا ضروری ہے, جس کا استعمال موجودہ کیلنڈر سال کے لیے مریض کی تنخواہ/ اجرت کا اندازہ لگانے کے لیے کیا جائے گا۔

2. سرکاری امداد۔
3. سوشل سیکیورٹی بینیفٹس۔
4. بے روزگاری اور متلافی بیمہ برائے مزدوران(ورک مینس کمپنسیشن)۔
5. سابق فوجی کے وظائف
6. گزارہ خرچ/چائلڈ سپورٹ۔
7. دیگر مالیاتی اعانت۔
8. پنشن کی ادائیگیاں۔
9. بیمہ یا سالانہ وظیفہ(باقاعدگی کے ساتھ ادائیگی)
10. منافع / سود۔
11. کرایے سے آمدنی۔
12. بزنس کی خالص آمدنی (اگر اپنا روزگار ہو تو، اس کی تصدیق ایک آزاد ذریعہ سے ہونی ضروری ہے)۔
13. دیگر (ہڑتال کا الاؤنس، تربیت کا وظیفہ، ملٹری کے ذریعہ خاندان کو الاٹمنٹس، جائیدادوں اور ٹرسٹوں سے آمدنیاں)۔

آمدنی کے ذرائع کا حساب واقعتاً موصول ہوئی رقم کو جوڑ کر کی جاتی ہے، جس میں وہ رقوم شامل نہیں ہوتیں جس کا فرد مستحق ہوسکتا ہے لیکن اسے اس کی ادائیگی نہیں ہوئی ہے(جیسے، جب مریض کے سابق زوج چائلڈ سپورٹ، بیمہ کے لیے ادائیگی میں ناکام ہو، یا پنشن کی ادائیگی متنازع ہو)۔

مکمل شدہ دستاویزات، بشمول مکمل کردہ درخواست اور تمام معاون دستاویزات، کوکیشیئر */رجسٹرار* کے ذریعہ*ڈائرکٹر* ، *فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)* کے پاس جمع کروایا جائے گا۔

مالی اعانت کی مکمل کردہ درخواستاور تمام مطلوبہ دستاویزات کی وصولی کے 30 دنوں کے اندر *ڈائرکٹر*، *فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)* مریض کو تحریری طور پر اطلاع دے گا کہ آیا مالی اعانت کی درخواست منظور ہوئی ہے یا اسے مسترد کردیا گیا ہے۔

## 3. درخواستوں پر نظر ثانی اور اپیلوں کا طریق کار

A. اگر مالی اعانت کی درخواست منظور ہوجاتی ہے تو، مریض کو فیصد رعایت کے بارے میں اطلاع دی جائے گی جس کے لیے وہ اہل ہے اور بقایا رقوم کی تفصیلی وضاحت فراہم کی جائے گی۔اگر مالی اعانت کی درخواست نامنظور ہوجاتی ہے تو، تحریری درخواست میں یہ شامل ہونا چاہیے کہ استرداد پر کیسے اپیل کی جائے اور اس بارے میں معلومات شامل کی جائے گی کہ محکمۂ صحت سے رابطہ کیسے کیا جائے۔ FAP کی نامنظوری کی اطلاعات میں لازمی طور پر نامنظوری کی بنیاد شامل ہونی چاہئے۔ایسے معاملات میں جہاں روبرو انٹرویو انجام دیا جاتا ہے، مریضوں کو فوری طور پر درخواست کی منظوری اور چھوٹ کی رقم کی اطلاع دی جائے گی جو مریض کو موصول ہوگی یا پھر اس کے نامنظور ہونے کی اطلاع دی جائے گی۔ ایسے معاملات میں تحریری نوٹس کو مریض کے گھر پر بھی بھیجا جاتا ہے۔تمام دستاویزات بشمول درخواست اور متعلقہ بیک اپ والے موادکو*ڈائرکٹر*، *فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)* یا اس کے نامزد فرد کے ذریعہ فائل میں رکھا جائے گا۔

B. *ڈائرکٹر ، فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)*کے فیصلوں پر تحریری طور پر یا ذاتی طور پر، بذریعہ اپائنٹمنٹ ڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ‌کے پاس اپیل کی جاسکتی ہے۔تحریری اپیلیں اس پتے پر بھیجی جائیں:

Director of Reimbursement
Maimonides MedicalCenter
4802Tenth Avenue
Brooklyn, N.Y.11219

C. ڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ‌اپیلوں پر نظرثانی کرے گا اور یا تو ڈائرکٹر ،فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)کے فیصلے پر دوبارہ غور کو منظوری دے گا یا اسے نامنظور کردے گا۔اگر اپیل کی درخواست کو دوبارہ غور کے لیے منظوری مل جاتی ہے توڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ، *ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)*سے رابطہ کرے گا اور اس کے نتیجے میں ہونے والا فیصلہ حتمی ہوگا۔ ڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ‌مریض کی اپیل موصول ہونے کے 10 کاروباری دنوں کے اندر [یعنی: ایک درخواست کی موصولی کے بعد یا ایک ذاتی اپیل کے ذریعہ] اپیل پر فیصلہ کرنے کی کوشش کرے گا۔*ڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ*، *کیشیئر/رجسٹرار* اور مریض کو تحریری طور پر، موزوں فیس کی اطلاع دے گا، اور اگر درخواست نامنظور ہوجاتی ہے تو*ڈائرکٹر آف ری‌امبرسمنٹ‌ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز (طب نفسی)*اور مریض کو نامنظوری کی اطلاع دے گا۔

D. قابل اطلاق فیس ہر سال کے 15 اپریل تک جائز ہوگی، اس تاریخ کے بعد مریض کے لیے دوبارہ درخواست دینا ضروری ہوگا۔

E. *کیشیئر/رجسٹرار* اس وقت تک پوری فیس کے بغیر آمد والی رسیدوں پر کارروائی نہیں کریں گے جب تک کہپالیسی کے مطابق تخفیف شدہ فیس مقرر نہیں ہوجاتی۔

F. درخواست کرنے پر، مالی اعانت حاصل کرنے والے مریضوں کو بلاسودی طور پر قسط میں ادائیگی کا موقع فراہم کیا جائے گا۔ماہانہ ادائیگی مریض کی کل ماہانہ آمدنی کے 10% سےزیادہ نہیں ہوگی۔غیر ادا شدہ رقم پر یہاں تک کہ ادائیگی چھوٹ جانے پر بھی کوئی سود نہیں وصولا جائے گا۔ادائیگی چھوٹ جانے کی صورت میں، جلد ادائیگیونکا دباؤ نہیں ہوگا۔

## IV. <u>علیحدہ بلنگ اور وصولی کی پالیسی</u>

عدم ادائیگی کی صورت میں مائمونیڈس جو کارروائیاں کرسکتا ہے اس کا بیان ایک علیحدہ بلنگ اور وصولی کی پالیسی (FIN-55)میں ہے۔یہ پالیسی مائمونیڈس کی ویب سائٹ پر ایک مقررہ مالی اعانت والے صفحہ پر دستیاب ہے(http://www.maimonidesmed.org/main/FinancialInformation.aspx)۔ اس پالیسی کی کاغذی کاپیاں درخواست کرنے پر اور بغیر کسی معاوضے کے، بذریعہ میل اور ہسپتال کے عوامی مقامات بشمول داخلے والے حصوں اور مریض کی خدمات والے مقامات پر دستیاب ہیں۔

## V. <u>ہنگامی طبی نگہداشت تک رسائی</u>

طبی اسکریننگ والے معائنے اور حالت مستحکم کرنے والے معالجہ کی فراہمی میں ان لوگوں کے خلاف کوئی امتیاز نہیں برتا جائے گا جو اس پالیسی کے تحت مالی اعانت کے اہل ہیں۔ دیکھیں FIN-34 EMTALA-طبی اسکریننگ والا معائنہ اور استحکام سے متعلق پالیسی۔مائمونیڈس بغیر کسی امتیاز کے، اس بات سے قطع نظر کہ آیا وہ اس FAP کے تحت مالی اعانت کے لیے اہل ہیں، افراد کو ہنگامی طبی

کیفیات کے لیے نگہداشت فراہم کرتا ہے۔دیکھیں FIN-34 EMTALA - طبی اسکریننگ والا معائنہ اور استحکام سے متعلق پالیسی۔

## VI. قانون کی تعمیل کا جائزہ

داخلی آڈٹ کا شعبہ کم از کم سالانہ طور پر مالی اعانت کے قانون اور اس پالیسی کی تعمیل کا جائزہ لے گا۔ایسے آڈٹ کے نتائج کا اشتراک مریض کے اکاؤنٹس کےSVP، SVP،فائنانس (مالیاتی خدمات)، EVP برائے قانونی امور اور کمپلائنس آفیسر کے ساتھ کیا جائے گا۔

## VII. کنٹرولز

A. مریض کے ساتھ باہم عمل کرنے والا یا بلنگ اور وصولی کی ذمہ داریوں والے تمام عملہ کو اس پالیسی کی ایک کاپی موصول ہوگی اور انہیں مالی اعانت کے پروگرام کے موزوں طریق کار کے بارے میں تربیت دی جائے گی۔عملہ کو وقفے وقفے سے اضافی رعایتوں یا فنڈنگ کی بھی اطلاع دی جائے گی جو عمومی مالی اعانت کے پروگرام سے الگ خصوصی گرانٹس یا پروگراموں کے ذریعہ دستیاب ہوسکتا ہے۔اس پالیسی پر عملے کے ذریعہ مزید کوئی استفسار ات*ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)*کو 283-8177 (718) پر بھیجے جائیں۔

B. *ڈائرکٹر، فائنانشیل آپریشنز(طب نفسی)*وقفے وقفے سے اس پالیسی میں مقرر کردہ مالی اعانت کے پروٹوکول کی پابندی کے لیے،مریض کے ماسٹر ریکارڈوں اور اکاؤنٹس کا جائزہ لے گا۔

C. سینیئر *وائس پریذیڈنٹ فار فائنانس،ڈائرکٹر آف ری امبرسمنٹ* موزوں شعبوں کے سربراہان کو، انضباطی ایجنسیوں کے ذریعہ منظور کردہ یا لازمی قرار دی گئی تبدیلیوں کے مطابق، اس پالیسی میں بیان کردہ مالی اعانت کے پروٹوکول پر نظر ثانی کرنے کی ہدایت دے گا۔

کینیتھ ڈی۔ گبس(Kenneth D. Gibbs)
صدر و سی ای او

حوالہ

مالی اعانت کی پالیسی FIN-28 (نظر ثانی شدہ)
PHL 2807-k(9 اور 9-a)
محترم منتظم کے لیے خط مورخہ 15 فروری، 2007
پیشنٹ پروٹیکشن اینڈ افورڈیبل کیئر ایکٹ §9007(a)
(23 مارچ، 2010)(اضافہ 501(r) تا IRC)؛
FIN-34 EMTALA-طبی اسکریننگ معائنہ
اور استحکام کی پالیسی؛
محترم منتظم کے لیے خط مورخہ 15 نومبر، 2013
C.F.R. 1.501(r)-1, 1.501(r)-4 - 1.501(r)-6

اشاریہ: مالی اعانت

جاری کنندہ شعبہ: طب نفسی

منسلکہ: تدریجی پیمانہ فیس چارٹ

کوڈ: **FIN-29**
تاریخ: **2018**

# طب نفسی سے متعلق مالی اعانت کے پروگرامز
## تدریجی پیمانہ فیس چارٹ 2018

| | | | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پورا | $110.00 | $95.00 | $75.00 | $50.00 | $45.00 | $40.00 | $35.00 | $20.00 | $15.00 | $10.00 | $0.00 | میڈیکیڈ | فی ملاقات باہری مریض کی فیس |
| پورا | پورا | پورا | پورا | پورا | پورا | $30.00 | $25.00 | $20.00 | $20.00 | $20.00 | $20.00 | اہل * | نسخہ اور لیباریٹری فیس فی نسخہ یا جانچ ** |
| 300% | 286% | 272% | 257% | 243% | 228% | 214% | 200% | 175% | 150% | 125% | 100% | | غریبی کا فیصد |
| 60,001 | 54,893 | 49,785 | 44,677 | 39,605 | 34,497 | 29,389 | 24,281 | 21,246 | 18,211 | 15,176 | 12,141 | 0 | خاندان کا سائز |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 1 |
| | 60,000 | 54,892 | 49,784 | 44,676 | 39,604 | 34,496 | 29,388 | 24,280 | 21,245 | 18,210 | 15,175 | 12,140 | |
| 66,001 | 61,271 | 56,540 | 51,810 | 47,112 | 42,382 | 37,651 | 32,921 | 28,806 | 24,691 | 20,576 | 16,461 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 2 |
| | 66,000 | 61,270 | 56,539 | 51,809 | 47,111 | 42,381 | 37,650 | 32,920 | 28,805 | 24,690 | 20,575 | 16,460 | |
| 71,001 | 66,791 | 62,581 | 58,371 | 54,191 | 49,981 | 45,771 | 41,561 | 36,366 | 31,171 | 25,976 | 20,781 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 3 |
| | 71,000 | 66,790 | 62,580 | 58,370 | 54,190 | 49,980 | 45,770 | 41,560 | 36,365 | 31,170 | 25,975 | 20,780 | |
| 76,001 | 72,312 | 68,622 | 64,933 | 61,269 | 57,580 | 53,890 | 50,201 | 43,926 | 37,651 | 31,376 | 25,101 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 4 |
| | 76,000 | 72,311 | 68,621 | 64,932 | 61,268 | 57,579 | 53,889 | 50,200 | 43,925 | 37,650 | 31,375 | 25,100 | |
| 81,001 | 77,832 | 74,663 | 71,494 | 68,348 | 65,179 | 62,010 | 58,841 | 51,486 | 44,131 | 36,776 | 29,421 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 5 |
| | 81,000 | 77,831 | 74,662 | 71,493 | 68,347 | 65,178 | 62,009 | 58,840 | 51,485 | 44,130 | 36,775 | 29,420 | |
| 86,001 | 83,353 | 80,704 | 78,056 | 75,426 | 72,778 | 70,129 | 67,481 | 59,046 | 50,611 | 42,176 | 33,741 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 6 |
| | 86,000 | 83,352 | 80,703 | 78,055 | 75,425 | 72,777 | 70,128 | 67,480 | 59,045 | 50,610 | 42,175 | 33,740 | |
| 92,001 | 89,730 | 87,459 | 85,188 | 82,934 | 80,663 | 78,392 | 76,121 | 66,606 | 57,091 | 47,576 | 38,061 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 7 |
| | 92,000 | 89,729 | 87,458 | 85,187 | 82,933 | 80,662 | 78,391 | 76,120 | 66,605 | 57,090 | 47,575 | 38,060 | |
| 97,001 | 95,251 | 93,500 | 91,750 | 90,012 | 88,262 | 86,511 | 84,761 | 74,166 | 63,571 | 52,976 | 42,381 | 0 | |
| ک | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | تا | 8 *** |
| | 97,000 | 95,250 | 93,499 | 91,749 | 90,011 | 88,261 | 86,510 | 84,760 | 74,165 | 63,570 | 52,975 | 42,380 | |

*اس زمرے کے مریض میڈیکیڈ کے اہل ہیں؛ اگر وہ میڈیکیڈ پر نہیں ہیں تو انہیں درخواست کرنے میں مدد طلب کرنی چاہیے۔

***ڈائرکٹر آف ری امبرسمنٹ* متعدد نسخوں یا لیباریٹری جانچوں والے حالات میں اضافی ملحوظات کا اطلاق کرسکتا ہے۔

**میڈیکیئر حصہ D کے لیے اہل مریض نسخے میں چھوٹ کے اہل نہیں ہیں۔

***خاندان کے ہر اضافی فرد کے لیے،بنیادی نمبر پر $4,320 شامل کریں۔
سبھی مریضوں کے لیے بتائی گئی شرحیں ادا کرنا ضروری
ہے۔
انفرادی معاملات میں جہاں مریض ادائیگی میں خصوصی تنگی کا ذکر کرتا ہے،ان کی مکمل شدہ درخواست اور دستاویزات کو
ڈائرکٹر ری امبرسمنٹ یا اس کے نامزد فرد کو بھیجا جانا
چاہیے۔